دعائے پُرتاثیر جناب امیر علیہ الصلوٰۃ والسلام موسومہ بہ

# جوشنِ صغیر

جو ایک خاص عطیہ جناب امیر المومنین مولا علی المرتضیٰ مشکلکشا شیر خدا کا ہے

## معہ اُردو ترجمہ منظوم

بطرز مثنوی مولانا روم و دعا اسم بہاء الدین آملی رحمۃ اللہ علیہ

مؤلفہ و منظومہ حاج الحرمین الشریفین زائر عتبات عالیات مولوی محمد شمس الدین شائق ایزدی صوفی معنوی ملقب بہ شمس الہند مؤلف منظوم اُردو ترجمہ قرآن مجید بطرز مثنوی شریف مقیم لاہور چوہٹہ مفتی باقر

بنا بر استدعا و التماس سردار علی حسین خان صاحب قزلباش رئیس لاہور و اسسٹنٹ سشن جج حال ایڈووکیٹ ہائی کورٹ پنجاب

مطبوعہ مطبع اسلامیہ سٹیم پریس لاہور

# اسماء اصحاب معاونین انطباع دُعا ہٰذا

۱۔ جناب سردار علی حسین خان صاحب قزلباش رئیس لاہور اسسٹنٹ سیشن جج حال ایڈوکیٹ ہائیکورٹ لاہور

۲۔ جناب سید ناصر علی شاہ صاحب سب جج میانوالی (رئیس لاہور)

۳۔ جناب سید یاسین شاہ صاحب رضوی تحصیلدار شیخوپورہ (رئیس لاہور)

۴۔ جناب ملک فضل الرحمٰن صاحب میونسپل ٹیکس آفیسر لاہور۔

۵۔ جناب شہزادہ سلطان علی صاحب دُرّانی سدوزئی رئیس لاہور۔

# التماس ضروری

یہ دعاے پرتاثیر موسومہ بہ جوشن صغیر خاص جناب امیرالمومنین علی المرتضٰی شیرِ خدا علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ارشاد فرمائی ہوئی دعا مشہور و معروف اور مقبول جملہ مومنین اہلِ بیت علیہم السلام ہے اور جس مطلب اور حاجت کیواسطے باقاعدہ پڑھی جاوے ضرور قبول ہوتی ہے۔ خصوصاً دشمنوں کے شر سے بچنے کے لیئے تو تیر بہدف کا کام دیتی ہے۔ اس کی نسبت نہایت ہی وثوق سے ظاہر کیا گیا ہے کہ جناب سید الساجدین امام زین العابدین علیہ السلام نے اپنے جدِ امجد کے تحریر فرمودہ نسخہ سے نقل فرمائی تھی۔ آپ کا قول ہے کہ جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم بعض جنگ ہائے مخوف میں جوشن یعنی آہنی زرہ گران زیبِ تن فرماتے تھے۔ مگر اس کی گرانی سے جسم مبارک پر صدمہ پہنچتا تھا۔ اس پر جبرئیل علیہ السلام نازل ہوئے اور عرض کی کہ یا محمد صلے اللہ علیک وسلم پروردگارِ عالم نے بعد سلام فرمایا ہے کہ یہ جوشن یعنی زرہ آپ اتار ڈالیں اور بجائے اس کے اِس دعائیہ جوشن کو پڑھ لیا کریں۔ اس سے آپ ہر طرح حفاظت میں رہیں گے۔ سو بموجب ارشاد رسول اکرم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم جناب امیر علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس کو عمدہ طرح سے مرتب فرماکر اس کو اپنا اور مومنین کا وظیفہ بنا دیا۔

اب اس کا ترجمہ موزون و منظوم۔ برائے اظہار معنی و مفہوم۔ بطرز مثنوی مولانا روم و علامہ بہاءالدین آملی مرحوم۔ بزبانِ صاف و آسانِ اردو بنا بر استدعا و التماس سردار علی حسین خانصاحب قزلباش پنشنر اسسٹنٹ سشن جج بہادر رئیس لاہور وایڈووکیٹ پنجاب ہائی کورٹ۔ نہایت ہی سہل و سلیس پیرائے میں کیا گیا ہے۔ جو کہ حاج الحرمین الشریفین و زائر عتبات عالیات قبلہ مولوی محمد شمس الدین شائق ازدی صوفی سنوجی ملقب بہ شمس الہند

مؤلف منظوم اردو ترجمہ قرآن مجید کا کام ہے۔

اُمید ہے کہ مومنین حق اس کے ورد اور وظیفہ سے اپنی اپنی دلی مرادوں میں کامیاب ہوں گے اور جناب سردار صاحب موصوف الذکر اور ناظم ترجمہ ہذا اور جملہ معاونین انطباع دعاء ہذا کے حق میں دُعائے خیر فرمائیں گے۔ زیادہ التماس دُعا والسلام۔

الراقم العاجز بندہ محمد رشید الدین مُلّا۔
ابن جناب مولانا شمس الہند مؤلف و ناظم ترجمہ ہذا

# اسنادِ دُعائے جوشنِ صغیر

حدیث شریف آئمہ طاہرین میں وارد ہے کہ جو کوئی اس دعا کو پڑھے اُس پر خدا تعالےٰ دو فرشتے مقرر کر دیتا ہے۔ جو کہ اس کی نگہبانی اُس کے گناہوں سے کرتے ہیں اور اس کی حفاظت تمام بلاؤں سے کرتے رہتے ہیں اور جو کوئی اس دعا کو ماہ رمضان میں تین مرتبہ پڑھے۔ تو اللہ پاک اُس پر آتشِ دوزخ کو حرام اور بہشت اُس کے لئے واجب کر دیتا ہے۔ اگر ایک مرتبہ بھی پڑھے۔ تو کافی ہے۔ اور اگر کوئی شخص ہر روز اس دُعا کو پڑھا کرے تو وہ شخص بعد مرنے کے شہیدوں واخل ہوگا۔ اور خدا تعالےٰ اُس کے واسطے ثواب سات سو شہیدوں کا لکھے گا۔ جو کہ شہدائے بدر سے ہوں اور اگر کوئی شب کو یہ دعا پڑھے تو حق تعالےٰ اس کی طرف توجہ خاص فرمائے اور نظرِ رحمت کرے نیز وہ شخص جو کچھ اپنی حاجت دنیا و آخرت کی اُس سے طلب کرے اللہ تعالےٰ اپنے فضل و کرم سے اس کی ہر ایک حاجت کو بر لائے اور جو کچھ وہ چاہے اور مانگے وہ اُس کو عطا فرمائے۔ لیکن یاد

رہے جب کوئی اس کو پڑھے تو با طہارت پڑھے اور جب اس کو پڑھ کر بستے میں باندھے تو با طہارت باندھے۔ اور جو شخص اس دعا کو کسی ظرف پاک پر آب باران و زعفران سے لکھے اور کسی مریض کو وہ برتن دھو کر پلائے۔ تو وہ مریض فوراً شفا پائیگا۔ اور اگر کوئی تندرست پیئے گا تو کوئی بیماری اُس کے بدن میں نہیں رہے گی۔ جو کوئی شخص جس مطلب کیواسطے چاہے اس کو پڑھے۔ اور اگر ہمیشہ پڑھا کرے تو نہایت ہی بہتر ہے اس دعا کے اسناد بہت زیادہ ہیں۔ مگر یہاں حسب گنجائش تھوڑے سے بطور اختصار نقل کرکے لکھدئے گئے ہیں۔ فقط بندہ رشید

## تقریظ جناب شریعتمدار حجۃ الاسلام شمس الاعلام علامہ السید علی الحائری سلمہٗ مجتہد العصر فرقہ امامیہ اثنا عشریہ رئیس لاہور۔

الحمد للہ علیٰ نوالہ۔ والصلوٰۃ والسلام علیٰ اخواص رجالہ والسنتہ اقوالہا۔ مفاتیح اقفالہا۔ اسرار السجود محمد وآلہ۔

اما بعد۔ میں نے اس سریع التاثیر دعائے جوشن صغیر کے اُردو منظوم ترجمۂ جناب فخر الحاج والزائرین مولوی حاجی محمد شمس الدین صاحب شایق دام مجدہٗ کو اکثر مقامات سے سُنا اور بہت محظوظ ہوا۔ میں خوش ہوں کہ مومنین اس دعا کو اب سمجھ کر پڑھا کریں گے اور اس کے مضامین عالیہ سے مستفید اور محظوظ ہوتے رہیں گے۔

فانہ اجاد فیما افاد فنال المراد فجزاہ اللہ خیر جزاء المحسنین ٥

(نشان مہر تصدیق مبارک)

لا الٰہ الا اللہ القوی
عبدہٗ سید علی الحائری
ابن ابو القاسم الرضوی

نمقہ خادم الشریعۃ المطہرۃ
علی الحائری

تقریظ جناب آقائے فضیلت مآب آقا سید رحمت اللہ شاہ صاحب شوستری البحرینی حال پیش نماز مسجد عالیجناب نواب نوازش علی خاں صاحب قزلباش مرحوم رئیس لاہور۔

الحمد للہ رب العلمین والصلوٰۃ والسلام علی رسولہ الکریم وآلہ الطاہرین الطیبین ۔

اما بعد ۔ دعائے جوشن صغیر کہ ترجمہ او حاجی الحرمین یعنی فخر الحجاج والزائرین مولوی شمس الدین المتخلص بہ شائق کردہ اند۔ بعض مقام ورد وبدم بسیار خوب است وایں دعا از امیر المومنین جناب علی المرتضیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام است ۔ ایں دعا پیش ہر کس باید ۔ وہر شب ایں دعا را کسے بخواند ہر مشکلے کہ باشد بحق آقائے مرتضیٰ امام برحق مشکل او رفع شود ۔ وحاجت او برآید ۔

نمقہ سید رحمت اللہ شاہ خادم الشریعۃ منمقام لاہور کوچہ شیعان

بسم الله الرحمٰن الرحیم ⓢ

ابتدا ہے نام اللہ سے بیاں | ہے جو بخشش کرنیوالا مہرباں

الٰہی کم من عدو

یا الٰہی (دشمنوں میں سے میرے) | ہیں بہت سی ایسے دشمن جان کے

انتضیٰ علی سیف عداوته

(جنہیں) ہر اک نے کھینچی ہوئی | مجھ پہ تیغ اپنی عداوت کی لیے تھی

وشحذ لی ظبة مدیته

اور ہے اُسنے تیز کی میرے لئے | باڑھ خنجر کی بھی اپنے (الغرض ہے)

وارھف لی شبا حدہ

اور نکالی نوک سے تیز اِک عمدگی | اُسنے اپنے تیر کی میرے لیے

وداف لی قواتل سمومه

اور ہیں گھولے اُسنے میرے واسطے | زہر ہائے قاتل اپنے (دکھ سے)

وسدد نحوی صوائب سھامه

اور کیئے سیدھے ہیں میری سمت کو | اُسنے تیر اپنے نشانوں کے سب ہی

ولم تنم عنی عین حراسته

اور نہیں میری طرف سے بند کی | اپنی نگرانی کی آنکھ اُسنے کبھی

وَأَعْلَيْتَ كَعْبِي عَلَيْهِ

اور کیا تو نے بلند اور برتریں | مرتبہ میرا بھی اسپر بالیقیں

وَجَعَلْتَ مَا سَدَّدَ إِلَيَّ مِنْ مَكَائِدِهِ إِلَيْهِ

اور اسی پر ڈالے تو نے پھیر کے | جو فریب اسنے گھڑے میرے لیے

وَرَدَدْتَهُ فِي مَهْوَى حُفْرَتِهِ

اور گرایا اس گڑھے میں اسکو ہی | جسمیں مجکو تھا گرانا وہ (دغوی)

وَلَمْ تَشْفِ غَلِيلَهُ

اور نہ دی تو نے شفا بھی مطلقا | اسکے کینے اور عداوت کو ذرا

وَلَمْ تُبَرِّدْ حَزَازَةَ غَيْظِهِ

اور نہ تو نے ٹھنڈی اور کچھ سرد کی | آتش غیظ و غضب جو اسکی تھی

وَقَدْ عَضَّ عَلَيَّ أَنَامِلَهُ

اور وہ بیشک کاٹتا ہی رہا | انگلیاں دانتوں میں اپنی (ناسزا)

وَأَدْبَرَ مُوَلِّيًا

اور وہ الٹا پھر گیا پھر آپ ہی | پھیر کر منہ اپنا مجھسے (واقعی)

قَدْ أَخْفَقَتْ سَرَايَاهُ

واقعی وعدہ خلافی کی عیاں | لشکروں نے اسکے (ہوکر بدگماں)

| | |
|---|---|
| فلک الحمد | یا رب |
| پس تری ہی حمد ہے ہر طور سے | اے مرے پروردگار اے رب مرے |
| من مقتدر | لا تغلب |
| تو ہی وہ قادر ہے برحق واقعی | کہ نہیں مغلوب ہو سکتا کبھی |
| وذی اناۃ | لا تعجل |
| اور ہے تو وہ صاحب عزّ و وقار | کہ نہیں کرتا تو جلدی زینہار |
| صل علی محمد | وآل محمد |
| رکھیو رحمت بر محمد مصطفیٰ | اور یونہی آل محمد پر سدا |
| واجعلنی | لنعمائک من الشاکرین |
| اور تو فضل اپنے سے داخل کر مجھے | شاکروں میں اپنے انعامات کے |
| ولآلائک | من الذاکرین |
| نیز ان میں جو تری نعمات کے | ذکر کرنے والے ہوں (تعریف سے) |

---

| | |
|---|---|
| الٰہی | وکم من باغ |
| یا الٰہی (باغیوں میں سے مرے) | اکثر ایسے سخت سرکش ہیں بنے |

وَاَرْدَيْتَهُ فِيْ مَهْوٰى حُفْرَتِهِ

اور گرایا اُس گڑھے میں اُسکو ہی | اُسنے کھودا جو (ہلاکت کو مری)

وَجَعَلْتَ خَدَّهُ طَبَقَ التُّرَابِ رِجْلِهِ

اور کیئے رخسار اُسکے برملا | تو نے خاک آلودہ خاکِ زیرپا

وَشَغَلْتَهُ فِيْ بَدَنِهِ وَرِزْقِهِ

اور کیا پس مبتلا تو نے یونہی | اُسکو جسمی دکھوں اور روزی میں بھی

وَرَمَيْتَهُ بِحَجَرِهِ

نیز پھینکا تو نے اُسکی سمت کو | وہ ہی پتھر (جسپہ وہ پھینکنے تھا جو)

وَخَنَقْتَهُ بِوَتَرِهِ

اور گلے میں اُسکے تو نے ڈالدی | پھانسی اُسکی ہی (کمانِ تکرکی)

وَذَكَّيْتَهُ بِمَشَاقِصِهِ

اور سے تو نے ذبح کر ڈالا اُسے | اُسکے ہی تیروں سے اُسکو مار کے

وَكَبَبْتَهُ لِمَنْخَرِهِ

اور گرایا اُسکو تو نے واقعی | ناک کے بل خود اُسی ظالم کے ہی

وَرَدَدْتَ كَيْدَهُ فِيْ نَحْرِهِ

اور سے تو نے مکر اُسکا رد کیا | پھیر کر اُسکی طرف ہی برملا

| | |
|---|---|
| وَوَثَقْتَهُ | بِنَدامَتِهِ |
| اور رسے پکڑا تو نے اسکو سخت تر | خود ندامت میں اُسی کی سربسر |
| وَفَتَنْتَهُ | بِحَسْرَتِهِ |
| اور گرفتار اُسکو سے تو نے کیا | کر کے حسرت میں اُسی کی مبتلا |
| فَاسْتَخْذَلَ وَاسْتَخْزَءَ | وَتَضاءَلَ |
| پس ہوا وہ خوار اور برباد ہی | اور حقیر از بس ہوا خود وہ غوی |
| بَعْدَ | نَخْوَتِهِ |
| بعد اپنے اُس غرور اور کبر کے | تھا جو نخوت اور مشیخت سے اُسے |
| وَانْقَمَعَ | بَعْدَ اسْتِطالَتِهِ |
| اور ہوا وہ پست خود تذلیل سے | بعد رفعت اور بلندی اپنی کے |
| ذَلِيلاً | مَأْسُوراً |
| سو ذلیل اور خوار وہ تو ہو گیا | اور ہوا وہ قید پھنسکر ناسزا |
| فِي رِبَقِ | حَبائِلِهِ |
| اپنی اُن گرہوں میں اور گانٹھوں میں ہی | وہ جو اُسکی رسّیوں کی تھیں سبھی |
| الَّتِي كانَ يُؤَمِّلُ | أَنْ يَرانِي فِيها |
| جن سے سمجھا وہ آرزو میں کر رہا | یہ کہ دیکھے مجکو وہ اُن میں بندھا |

يَوْمَ سَطْوَتِهٖ

خاص کر اُس روز جبکہ واقعی | زور اور غلبہ ہو تھا اصل اُس کو ہی

وَقَدْ كِدْتُ يَا رَبِّ

اور یہ بیشک تھا قریب اُس سطوت کے | اے مرے پروردگار اے رب مرے

لَوْلَا رَحْمَتُكَ يَحِلُّ بِيْ

کہ اگر ہوتی نہ یاں رحمت تری | تو یہ مصیبت مجھ پہ آن پڑتی

مَا حَلَّ بِسَاحَتِهٖ

وہ مصیبت جو کہ پہنچی آن کر | اُس عدو کی قوت سے اسکی جان پر

فَلَكَ الْحَمْدُ يَا رَبِّ

بس تری ہی حمد ہے ہر طور سے | اے مرے پروردگار اے رب مرے

مِنْ مُقْتَدِرٍ لَا يُغْلَبُ

تو ہی وہ قادر ہے برحق واقعی | کہ نہیں مغلوب ہو سکتا کبھی

وَذِيْ اَنَاةٍ لَا يَعْجَلُ

اور ہے تو وہ صاحب عزّ و وقار | کہ نہیں کرتا تو جلدی زینہار

صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

رکھیو رحمت بر محمد مصطفیٰ | اور یونہی آلِ محمد پہ سدا

وَاجْعَلْنِی لِنَعْمَائِکَ مِنَ الشَّاکِرِیْنَ

اور تو فضل اپنے سے کر داخل مجھے | شاکروں میں اپنے انعامات کے

وَلِآلَائِکَ مِنَ الذَّاکِرِیْنَ

نیز اُن میں جو تیری نعمات کے | ذکر کرنے والے ہوں لطف سے

---

اِلٰھِیْ وَکَمْ مِنْ حَاسِدٍ

یا الٰہی بہا حاسدوں میں سے میرے | اکثر ایسا بھی ہے حاسد بغض سے

شَرِقَ بِحَسَدِہٖ

کہ ہوا آکر گلوگیر اُسکے ہی | خود حسد اُس کا ظاہری یا باطنی

وَشَجِیَ بِغَیْظِہٖ

اور وہ خود غمناک و محزون ہوا | اپنے ہی غیظ و غضب سے برملا

وَسَلَقَنِیْ بِحَدِّ لِسَانِہٖ

اور سے آزار اُسنے پہنچایا مجھے | اپنی تیز تیری زبان سے بول کے

وَوَحّٰی لِیْ بِقُرُوْنِ عَیْبِہٖ

نیز نسبت آپنے میری سمت کی | ہر طرح سے اپنے عیبوں کی گہری

| | |
|---|---|
| وَ وَخَزَنِیْ | بِمُوْقِ عَیْنِهٖ |
| اور ہے مجھپر اُسنے کی چشمک زنی | اپنے گوشۂ چشم سے (ناحق یونہی) |
| وَجَعَلَ | عِرْضِیْ |
| اور یونہی گردانا اُس (بدبخت) نے | آبرو کو میری (اپنے بغض سے) |
| غَرَضًا | لِمَرَامِیْهِ |
| اِک نشانہ ہی لیئے جور و جفا) | تیر ہائے طعن کا اپنے (سدا) |
| وَقَلَّدَنِیْ | خِلَالًا لَّمْ تَزَلْ فِیْهِ |
| اور گلے میں باندھے یوں اُسنے مرے | عیب وہ وہ جو ہمیشہ اُسمیں تھے |
| فَنَادَیْتُکَ | یَارَبِّ |
| پس ندا کی میں نے تجھکو (ہوکے زار) | اے مرے رب اے مرے پروردگار |
| مُسْتَجِیْرًا بِکَ | وَاثِقًا |
| میں پناہ ہوں مانگتا بس تجھسے ہی | اور یقیں رکھتا ہوں پختہ واثقی |
| بِسُرْعَةِ | اِجَابَتِکَ |
| کہ بہت جلدی تو ہی (مولا مرے) | عرضیں کرتا ہے قبول (الطاف سے) |
| مُتَوَکِّلًا عَلٰی | مَا لَمْ اَزَلْ اَعْرِفُهٗ |
| اور مجھے ہے اعتماد اسپر سدا | کہ ہمیشہ سے میں ہوں یہ جانتا |

| | |
|---|---|
| مَنْ حُسْنِ | دِفَاعِكَ |
| کہ بہت خوبی سے اور باعمدگی | دفع کرتا ہر بلا کو ہے تو ہی |
| عَالِمًا | اَنَّهُ لَنْ يُضْطَهَدَ |
| اور یقیناً ہوں میں آگاہ اس سے بھی | کہ نہیں مقہور ہوتا وہ کبھی |
| مَنْ اَوٰى | اِلٰى ظِلِّ كَنَفِكَ |
| جو پناہ لیتا ہے (برحق طور سے) | سایۂ حفظ و حمایت میں ترے |
| وَاَنْ لَا تَقْرَعَ | الْقَوَارِحُ |
| اور یقین ہے یہ کہ پڑتے ہی نہیں | کچھ مصائب (ایسے مومن کو کبھی) |
| مَنْ لَجَاَ | اِلٰى مَعْقِلِ الْاِنْتِصَارِ بِكَ |
| جو پناہ لے (صدقِ دل سے آکے) | تیری نصرت کی پناہ گاہ کے تلے |
| فَحَصَّنْتَنِيْ | مِنْ بَاْسِهٖ |
| پس پناہ دی تو نے (اے مولا) مجھے | ظلم سے اُس (حاسدِ غدار) کے |
| بِقُدْرَتِكَ | |
| ساتھ اپنی قدرت و عظمت کے ہی | جو عظیم الشاں ہے اے مولا تری |
| فَلَكَ الْحَمْدُ | يَا رَبِّ |
| پس تری ہی حمد ہے ہر طور سے | اے مرے پروردگار اے رب مرے |

| | |
|---|---|
| **مِنْ مُقْتَدِرٍ** | **لَا يُغْلَبُ** |
| تو ہی وہ قادر ہے برحق واقعی | کہ نہیں مغلوب ہو سکتا کبھی |
| **وَذِيْ اَنَاةٍ** | **لَا يَعْجَلُ** |
| اور ہے تو وہ صاحب عزّ و وقار | کہ نہیں کرتا تو جلدی زینہار |
| **صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ** | **وَاٰلِ مُحَمَّدٍ** |
| رکھیو رحمت بر محمد مصطفیٰؐ | اور بھیجیو آل محمد پر سدا |
| **وَاجْعَلْنِيْ** | **لِاَنْعُمِكَ مِنَ الشّٰاكِرِيْنَ** |
| اور تو (فضل اپنے سے) رکھ واقعی مجھے | شاکر ہوں میں اپنے انعامات کے |
| **وَلِاٰلَائِكَ** | **مِنَ الذّٰاكِرِيْنَ** |
| نیز ان بے حد تری نعمات کے | ذکر کرنے والوں میں (از قریب) |

---

| | |
|---|---|
| **اِلٰهِيْ وَكَمْ مِنْ سَحَابَةِ** | **مَكْرُوْهٍ** |
| یا الٰہی ہیں گھٹائیں بھی کئی | چھا رہی تھیں مجھ پہ مکروہات کی |
| **فَقَدْ** | **جَلَّيْتَهَا** |
| پھر یقیناً تو نے (اپنے فضل سے) | ان گھٹاؤں کو ہٹایا پھاڑ کے |

| | |
|---|---|
| إِذْ | طَلَبْتَهَا |
| جب کبھی جس وقت اور جس حال میں | جس طرح ہو نیکو چاہے تو انہیں |
| وَلَمْ | تَمْنَعْ عَلَيْكَ |
| اور نہیں ہرگز کہیں بھی اور کبھی | تجھ سے سرتابی کسی نے کی کوئی |
| إِذْ | أَرَدْتَهَا |
| جدھر اور جس وقت (اے رب العلا) | قصد ان کاموں کا تو نے کچھ کیا |
| فَلَكَ الْحَمْدُ | يَا رَبِّ |
| پس تری ہی حمد ہے ہر طور سے | اے مرے پروردگار اے رب مرے |
| مِنْ مُقْتَدِرٍ | لَا تُغْلَبُ |
| تو ہی وہ قادر ہے برحق واقعی | کہ نہیں مغلوب ہو سکتا کبھی |
| وَذِي أَنَاةٍ | لَا تَعْجَلُ |
| اور ہے تو وہ صاحب عزّ و وقار | کہ نہیں کرتا تو جلدی زینہار |
| صَلِّ عَلَىٰ مُحَمَّدٍ | وَآلِ مُحَمَّدٍ |
| رکھیو رحمت بر محمد مصطفیٰ | اور یونہی آل محمد پر سدا |
| وَاجْعَلْنِي | لِنَعْمَائِكَ مِنَ الشَّاكِرِينَ |
| اور تو فضل اپنے سے رکھ داخل مجھے | شاکروں میں اپنے انعامات کے |

| وَلِاٰلَائِكَ | مِنَ الذَّاكِرِيْنَ |
|---|---|
| نیز اُن میں جو تیری نعمات کے | ذکر کرنے والے ہوں (تعریف سے) |

---

| اِلٰهِیْ وَكَمْ | مِّنْ ظَنٍّ حَسَنٍ |
|---|---|
| اے میرے اللہ ایسے بھی کئی | ہیں گمانوں میں گمانِ نیک ہی |
| حَقَّقْتَ | |
| جو کہ بیٹھے خاصکر تجھسے کئے | اور وہ ٹھیک اور راست تو نے کر دیئے |
| وَمِنْ عَدَمِ اِمْلَاقٍ | جَبَرْتَ |
| اور بہت ہی تنگدستی کی جو تھیں | وہ سبھی راہیں بھی تو نے بند کیں |
| وَمِنْ مَّسْكَنَةٍ فَادِحَةٍ | حَوَّلْتَ |
| اور جو درویشی کی حالت سخت تھی | کر دیا تو نے سبکدوش اُس سے بھی |
| وَمِنْ صَرْعَةٍ مُّهْلِكَةٍ | اَنْعَشْتَ |
| اور جو تھی اُفتادگی مہلک بڑی | اُس سے بھی رفعت اُٹھا کر تو نے دی |
| وَمِنْ مَّشَقَّةٍ | اَرَحْتَ |
| اور جو تکلیفیں بہت سی سخت تھیں | وہ بھی ساری تو نے بالکل رفع کیں |

**لَا تُسْئَلُ يَا سَيِّدِي**

کچھ نہ پُرسش کوئی تجھ سے کر سکے | اے میرے سردار - اے مولا میرے

**عَمَّا تَفْعَلُ**

تیرے ہر اک کام کی بابت کبھی | جو کہ تو کرتا ہے (اے مولا غنی)

**وَهُمْ يُسْئَلُوْنَ**

اور یہ سب (افراد مخلوقات کے) | (اپنے کل کاموں میں) پوچھے جائینگے

**وَلَا يَنْقُصُكَ مَا أَنْفَقْتَ**

اور نہیں کچھ گھاٹا پہنچاتا تجھے | وہ جو کچھ تو خرچ کر دے (لطف سے)

**وَلَقَدْ سُئِلْتَ**

اور یقیناً (اے خدائے ذوالجلال) | تجھ سے جب کرتے ہیں سائل کچھ سوال

**فَأَعْطَيْتَ**

پس عطا کرتا ہے تو خود فضل سے | اپنے انعام اور عطیے لطف سے

**وَلَمْ تُسْئَلْ فَابْتَدَأْتَ**

اور بغیر اسکے کہ ہو کچھ التجا | ابتدا کرتا ہے تو خود با عطا

**وَاسْتُمِيْحَ بَابُ فَضْلِكَ**

اور طلب کی جبکہ بخشش کی نری | در سے تیرے ہی کرم کے واقعی

| | |
|---|---|
| فَمَا | أَسْدَيْتَ |
| پس نہ ہرگز (اے میرے رب اعلیٰ) | کچھ بھی تو نے تجمل بخشش میں کیا |
| أَبَيْتَ | إِلَّا إِنْعَامًا وَّامْتِنَانًا |
| اور نہ تو راضی ہوا اس میں کبھی | کچھ سوا انعام اور احساں کے ہی |
| وَإِلَّا تَطَوُّلًا | يَا رَبِّ وَإِحْسَانًا |
| اور سوا افضال اور الطاف کے | اور سوا احسان کے اے رب میرے |
| وَأَبَيْتُ | يَا رَبِّ |
| اور نہیں کچھ مرتکب اس میں ہوا | اے میرے پروردگار کبریا |
| إِلَّا انْتِهَاكَ | حُرُمَاتِكَ |
| مگر بجز اینکہ نہ کی پوری کبھی | پاسداری کچھ ترے حرمات کی |
| وَاجْتِرَاءً | عَلَى مَعَاصِيكَ |
| اور دلیری اور جراءت کی نوبتی | تیری نافرمانیاں کرنے پہ بھی - |
| وَتَعَدِّيًا | لِحُدُودِكَ |
| اور تجاوز خواہ عفوا ہو کے رہے | تیرے احکام اور حدود شریعت سے |
| وَغَفْلَةً | عَنْ وَعِيدِكَ |
| اور رہی غفلت ہی کا ہر اک طرح سے | تیرے وعیدے عذاب آخرت کے |

وَطَاعَةً لِعَدُوِّي وَعَدُوِّكَ

اور اطاعت کی عدو اپنے کی ہی — اور ترے حکمی عدو (شیطان) کی

لَمْ يَمْنَعْكَ يَا إِلٰهِي وَنَاصِرِي

پھر نہ کچھ مانع ہوا اسمیں تجھے — اے مرے اللہ۔ اور ناصر مرے

إِخْلَالِي بِالشُّكْرِ

کوئی بھی میرا قصور اور کچھ گناہ — شکر کرنے میں ترا (شام و پگاہ)

عَنْ إِتْمَامِ إِحْسَانِكَ

ہر طرح رہنے کو پورے طور سے — تیرے جود اور فضل اور احسان کے

وَلَا حَجَزَنِي ذٰلِكَ عَنِ ارْتِكَابِ مَسَاخِطِكَ

اور نہ اُسنے باز رکھا کچھ مجھے — ارتکابوں سے گناہوں کے ترے

اَللّٰهُمَّ وَهٰذَا مَقَامُ عَبْدٍ ذَلِيلٍ

سو خداوندا تو (سُن لے یہ کلام) — اور یہ ہے اِک خوار بندے کا مقام

اِعْتَرَفَ لَكَ بِالتَّوْحِيدِ

کہ کیا ہے اعتراف اُسنے ترا — مان کر توحید تیری برملا

وَأَقَرَّ عَلٰى نَفْسِهِ لَكَ

اور کیا اقرار اُسنے صدق سے — اپنے اوپر خود ہی تیرے سامنے

| | |
|---|---|
| بِالتَّقْصِیرِ | فِی اَدَاءِ حَقِّكَ |
| اپنی تقصیر اور خطا کا واقعی | جو ادا کرنے میں تیرے حق کے تھی |
| وَشَهِدَ | لَكَ |
| اور گواہی اُسنے دی ہے صاف تر | تیرے آگے یا الٰہی خاص کر |
| بِسُبُوغِ نِعْمَتِكَ | عَلَیْهِ |
| تیری کامل وسعتِ رحمت پہ بھی | جو کہ اُسپر واقعی ہوتی رہی |
| وَجَمِیلِ عَادَاتِكَ | عِنْدَهُ |
| اور تیری اُن عمدہ تر نعمات پر | ہیں جو اُسکے پاس اور نزدیک تر |
| وَاِحْسَانِكَ | اِلَیْهِ |
| اور تیرے اِحسان پر بھی برملا | جو کہ اُسکے حال پر ہوتا رہا |
| وَهَبْ لِی | یَا اِلٰهِی وَسَیِّدِی |
| اور عطا فرما ثواب میرے لئے | اے مرے اللہ اور آقا مرے |
| مِنْ فَضْلِكَ | مَا اُرِیْدُهُ |
| اپنے فضلِ خاص سے اُس چیز کو | جسکو میں ہوں چاہتا یہ کہ وہ ہو |
| اِلٰی | رَحْمَتِكَ |
| (اک وسیلہ اور ذریعہ واقعی) | تیری رحمت کی طرف رہنے کا ہی) |

مِنْ مُقْتَدِرٍ لَا تُغْلَبُ

تو ہی وہ قادر ہے برحق واقعی | کہ نہیں مغلوب ہو سکتا کبھی

وَذِیْ اَنَاۃٍ لَا تَعْجَلُ

اور ہے تو وہ صاحب عزّ و وقار | کہ نہیں کرتا تو جلدی زینہار

صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ

رکھیو رحمت بر محمدؐ مصطفیٰ | اور یونہی آلِ محمدؐ پر سدا

وَاجْعَلْنِیْ لِنَعْمَآئِکَ مِنَ الشَّاکِرِیْنَ

اور تو فضل اپنے سے داخل رکھ مجھے | شاکروں میں اپنے انعامات کے

وَلِاٰلَآئِکَ مِنَ الذَّاکِرِیْنَ

نیز اُن میں جو تری نعمات کے | ذکر کرنے والے ہوں (تعریف سے)

---

اِلٰهِیْ وَكَمْ مِّنْ عَبْدٍ

اے مرے اللہ ایسے بھی کئی | تیرے بندوں میں ہیں بندے واقعی

اَمْسٰی وَاَصْبَحَ فِیْ كَرْبِ الْمَوْتِ

جو کہ شام اور صبح کرتے ہیں سبھی | کرب اور ہچکیوں میں موت کی

| | |
|---|---|
| وَحَشْرَجَةِ | الصُّدُورِ |
| اور بدیں حالت کہ جبکہ دم آنکے | دم بوقتِ نزع سینے میں رکے |
| وَالنَّظَرِ اِلٰى | مَا تَقْشَعِرُّ مِنْهُ الْجُلُودُ |
| اور نظر آتے نہیں ہر اس چیز کے | رونگٹے جس سے بدن کے ہوں کھڑے |
| وَتَفَزُّعِ | اِلَيْهِ الْقُلُوبُ |
| اور یونہی کرتے ہیں بیتابی بڑی | جسکی جانب دیکھکر دل سب کے ہی |
| وَاَنَا فِي عَافِيَةٍ | مِّنْ ذٰلِكَ كُلِّهٖ |
| اور میں ہوں راحت میں ہی ساتھ امن کے | ہو کے محفوظ ان سبھی صدمات سے |
| فَلَكَ الْحَمْدُ | يَا رَبِّ |
| پس تری ہی حمد ہے ہر طور سے | اے مرے پروردگار اے رب مرے |
| مِنْ مُّقْتَدِرٍ | لَا يُغْلَبُ |
| تو ہی وہ قادر ہے برحق واقعی | کہ نہیں مغلوب ہو سکتا کبھی |
| وَذِي اَنَاةٍ | لَا يَعْجَلُ |
| اور ہے تو وہ صاحبِ عزّ و وقار | کہ نہیں کرتا تو جلدی زینہار |
| صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ | وَاٰلِ مُحَمَّدٍ |
| رکھیو رحمت بر محمدؐ مصطفےٰ | اور یونہی آلِ محمدؐ پر سدا |

| | |
|---|---|
| وَاجْعَلْنِیْ | لِنَعْمَآئِکَ مِنَ الشَّاکِرِیْنَ |
| اور تو فضل اپنی سے داخل کر مجھے | شاکروں میں اپنے انعامات کے |
| وَلِاٰلَائِکَ | مِنَ الذَّاکِرِیْنَ |
| نیز اُن میں جو تیری نعمات کے | ذکر کرنے والے ہوں (انکی تعریف سے) |

---

| | |
|---|---|
| اِلٰهِیْ وَکَمْ | مِّنْ عَبْدٍ |
| اے میرے اللہ ایسے بھی کئی | تیرے بندوں میں ہیں بندے واقعی |
| اَمْسٰی وَاَصْبَحَ | سَقِیْمًا |
| جنکی شام اور صبح ہوتی ہے سدا | حال بیماری میں ہی (از ابتلا) |
| مُّوْجَعًا | مُّدْنَفًا |
| اور وہ ہوتے ہیں بہت ہی دردمند | اور مریض دائمی اور مستمند |
| فِیْ اَنِیْنٍ وَّعَوِیْلٍ | یَّتَقَلَّبُ فِیْ غَمِّهٖ |
| ساتھ شورِ نالہ و فریاد کے | اپنے غم میں مضطرب ہو کر بڑے |
| وَلَا یَجِدُ | مَحِیْصًا |
| اور نہیں پاتے وہ بیچارے کبھی | جگہہ پھرنے اور بچاؤ کی کوئی |

وَلَا یُسِیْغُ طَعَامًا

اور نہیں ہوتا گوارا کچھ انہیں کوئی کھانا اور طعام (اُس حال میں)

وَلَا یَسْتَعْذِبُ شَرَابًا

اور نہیں آتا خوش اُنکو واقعی کچھ بھی پینا۔ پانی یا شربت کوئی

وَلَا یَسْتَطِیْعُ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا

اور نہیں رکھتے وہ قدرت کچھ ذری کچھ ضرر کی اور نہ کوئی نفع کی

وَهُوَ فِیْ حَسْرَةٍ وَّنَدَامَةٍ

اور وہ (سب رہتے ہیں یُوں ہی مبتلا) اپنی حسرت اور ندامت میں سدا

وَاَنَا فِیْ صِحَّةٍ مِّنَ الْبَدَنِ

اور میں ہوں ہر طرح سے صحت میں ہی تندرستی سے بدن اور جسم کی

وَسَلَامَةٍ مِّنَ الْعَیْشِ

اور ہیں ساتھ امن و امان اور چین کے زندگی کرنا بسر ہوں عیش سے

کُلُّ ذٰلِكَ مِنْكَ بِفَضْلِكَ

یہ سبھی کچھ ہے تری جانب سے ہی تیرے ہی فضل و کرم سے واقعی

فَلَكَ الْحَمْدُ یَا رَبِّ

بس تری ہی حمد ہے ہر طور سے اے مرے پروردگار اے رب مرے

مِنْ مُقْتَدِرٍ لَا یُغْلَبُ

تو ہی وہ قادر ہے برحق واقعی | کہ نہیں مغلوب ہو سکتا کبھی

وَذِیْ اَنَاۃٍ لَا یَعْجَلُ

اور ہے تو وہ صاحب عز و وقار | کہ نہیں کرتا تو جلدی زینہار

صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

رکھیو رحمت بر محمد مصطفیٰ | اور یونہی آل محمد پر سدا

وَاجْعَلْنِیْ لِنَعْمَائِکَ مِنَ الشَّاکِرِیْنَ

اور تو فضل اپنے سے داخل کر مجھے | شاکروں میں اپنے انعامات کے

وَلِاٰلَائِکَ مِنَ الذَّاکِرِیْنَ

نیز ان میں جو تری نعمات کے | ذکر کرنے والے ہوں (تعریف سے)

---

فصل ۸

اِلٰہِیْ وَکَمْ مِنْ عَبْدٍ

اے مرے اللہ ایسے بھی کئی | تیرے بندوں میں ہیں بندے واقعی

اَمْسٰی وَاَصْبَحَ خَائِفًا مَّرْعُوْبًا مَّرْھُوْبًا

جو کہ شام اور صبح کرتے ہیں سبھی | حال خوف و بیم اور وحشت میں ہی

| | |
|---|---|
| مُسَهَّدًا | مُشْفِقًا |
| اور وہ بیخوابی میں رہتے ہیں سدا | ہو گئے ترساں سخت (از جور و جفا) |
| وَحِيْدًا وَحِلًا | هَارِبًا |
| یکّہ و تنہا۔ بہت ڈرتے ہوئے | قصد اپنے بھاگنے کا کر رہے |
| طَرِيْدًا | شَرِيْدًا |
| ہو گئے آوارہ وطن ہی (جا بجا) | اور مسافر اور غریب بینوا |
| مَحْجُوْرًا | مُنْجَحِرًا |
| اور وہ باز اور بند ہیں رکھتے گئے | اپنے کل اہل و عیال اور مال سے |
| فِيْ مَضِيْقٍ | أَوْ مَخْبَأَةٍ مِنَ الْمَخَابِيْ |
| جو پڑے ہیں تنگ گوشے میں کہیں | یا کسی پوشیدہ جا۔ زیر زمیں |
| قَدْ ضَاقَتْ عَلَيْهِ | الْأَرْضُ بِرُحْبِهَا |
| بیشک ان پر تنگ ہے ہر طور سے | یہ زمیں با وصف وسعت اپنی کے |
| وَلَا يَجِدُ حِيْلَةً | وَلَا مَنْجًى |
| اور نہیں پاتے ہیں وہ چارہ کوئی | اور نہ کچھ جائے نجات و مخلصی |
| وَلَا مَأْوًى | وَلَا مَهْرَبًا |
| اور نہ کوئی اس جگہ جائے پناہ | اور نہ کوئی بھاگنے کی جا و راہ |

| | |
|---|---|
| وَاَنَا فِیْ اَمْنٍ وَّاَمَانٍ | وَّطُمَانِیْنَۃٍ |
| اور میں ہوں امن و اماں میں واقعی | اور تسلی اور طمانیت میں ہی |
| وَعَافِیَۃٍ | مِّنْ ذٰلِکَ کُلِّہٖ |
| اور میں ہوں راحت میں ہی ساتھ امن کے | ہو کے محفوظ ان سبھی آفات سے |
| فَلَکَ الْحَمْدُ | یَا رَبِّ |
| پس تری ہی حمد ہے ہر طور سے | اے مرے پروردگار اے رب مرے |
| مِنْ مُّقْتَدِرٍ | لَّا یُغْلَبُ |
| تو ہی وہ قادر ہے برحق واقعی | کہ نہیں مغلوب ہو سکتا کبھی |
| وَذِیْ اَنَاۃٍ | لَّا یَعْجَلُ |
| اور ہے تو وہ صاحب عز و وقار | کہ نہیں کرتا تو جلدی زینہار |
| صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ | وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ |
| رکھیو رحمت بر محمد مصطفےٰ | اور یونہی آل محمد پر سدا |
| وَاجْعَلْنِیْ | لِنَعْمَائِکَ مِنَ الشَّاکِرِیْنَ |
| اور تو فضل اپنے سے داخل کر مجھے | شاکروں میں اپنے انعامات کے |
| وَلِاٰلَائِکَ | مِنَ الذَّاکِرِیْنَ |
| نیز ان میں جو تری نعمات کے | ذکر کرنے والے ہوں (تعریف سے) |

| | |
|---|---|
| **إلٰهي وسيدي** | **وكم من عبد** |
| اے میرے اللہ اور آقا میرے | ہیں کئی ایسے بھی بندوں سے تیرے |
| **أمسى وأصبح** | **مغلولاً مكبلاً بالحديد** |
| جو ہیں شام اور صبح ایسی کر رہے | طوق اور زنجیر آہن میں پڑے |
| **بأيدي العداة** | **لا يرحمونه** |
| قید ہیں وہ دشمنوں کے ہاتھ میں | کہ نہیں آتا ہے رحم اُن پر انہیں |
| **فقيدا** | **من أهله وولده** |
| دور ہے ہر ایک اپنے سے یوں ہی | اپنے اہل اور اپنے فرزندوں سے بھی |
| **منقطعا** | **عن إخوانه وبلده** |
| اور جدا ہے وہ (بباعث قید کے) | اپنے اخوان اور اپنے شہر سے |
| **يتوقع** | **كل ساعة** |
| منتظر رہتا ہے وہ (اس بیان میں) | ہر گھڑی ہر ساعت اور ہر آن میں |
| **بأية قتلة** | **يقتل به** |
| کہ وہ کس ترکیب (ایذا) سے قتل ہوگا | قتل ہو کر مارا جائیگا یہ شخص |
| **وبأية مثلة** | **يمثل به** |
| اور وہ کیسی بدسلوکی ہو بُری | جو کہ اسکے ساتھ [illegible] کی جائیگی |

[illegible] عَافِيَةٍ مِّنْ ذٰلِكَ كُلِّهٖ

[illegible] میں ہی ساتھ امن کے ۔ ہو کے محفوظ ان سبھی آفات سے

فَلَكَ الْحَمْدُ يَا رَبِّ

پس تری ہی حمد ہے ہر طور سے ۔ اے مرے پروردگار اے رب مرے

مِنْ مُّقْتَدِرٍ لَا تُغْلَبُ

تو ہی وہ قادر ہے برحق واقعی ۔ کہ نہیں مغلوب ہو سکتا کبھی

وَذِيْ آنَاةٍ لَا تَعْجَلُ

اور ہے تو وہ صاحب عزّ و وقار ۔ کہ نہیں کرتا تو جلدی زینہار

صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ

رکھیو رحمت بر محمد مصطفےٰ ۔ اور یونہی آل محمد پر سدا

وَاجْعَلْنِيْ لِنَعْمَائِكَ مِنَ الشَّاكِرِيْنَ

اور تو فضل اپنے سے داخل رکھ مجھے ۔ شاکروں میں اپنے انعامات کے

وَلِآلَائِكَ مِنَ الذَّاكِرِيْنَ

نیز ان میں جو تری نعمات کے ۔ ذکر کرنے والے ہوں (لطف سے)

إلٰهي وسيّدي وكم من عبدٍ

اے میرے اللہ اور آقا میرے | ہیں کئی ایسے بھی بندوں سے تیرے

أمسى وأصبح يقاسي الحرب

جو کہ شام اور صبح کرتے ہیں سبھی | سخت تکلیفوں میں حرب اور جنگ کی

ومباشرة القتال بنفسه

اور وہ کرتے ہیں قتال اور جنگ کے | رہتے شاغل ہیں خود اپنی ذات سے

قد غشيته الأعداء من كل جانب

واقعی گھیرا ہوا ہے اُن کو بھی | دشمنوں نے اُنکے ہر جانب سے ہی

بالسيوف والرماح وآلة الحرب

تیغوں اور تیروں سے اپنے (روک کے) | اور کئی آلاتِ حرب و جنگ سے

يتقعقع

اور وہ چلتے اور ہیں حرکت کر رہے | ہر طرف ساتھ اضطراب جنگ کے

في الحديد مبلغ مجهوده

آہنی زرہوں میں سجکر خوب ہی | اپنی ہر کوشش سے چلکر واقعی

لا يعرف حيلة

اور نہیں ہے کوئی اُن میں جانتا | حیلہ اور چارہ کوئی اِس کار کا

| | |
|---|---|
| وَلَا يَهْتَدِيْ | سَبِيْلًا |
| اور نہیں چلکر پہنچتا واں کوئی | بر سرِ راہِ نجات و مخلصی |
| وَلَا يَجِدُ | مَهْرَبًا |
| اور نہیں پاتا کوئی (وقتِ بستر) | بھاگنے کی راہ اور چلئے گر پڑے |
| قَدْ اُدْنِفَ | بِالْجِرَاحَاتِ |
| واقعی وہ ہوگئے ہیں چور چور | سخت تر زخموں سے اپنے ہوکے چور |
| وَمُتَشَحِّطًا بِدَمِهٖ | تَحْتَ السَّنَابِكِ وَالْاَرْجُلِ |
| اور وہ اپنے خون میں ہیں لوٹتے | گھوڑوں کی ٹاپوں میں اور پیروں تلے |
| يَتَمَنّٰى | شَرْبَةً مِّنْ مَّاءٍ |
| آرزو رکھتا ہے ان میں ہر کوئی | ایک جرعۂ آب کے پینے کی ہی |
| اَوْ حَبَّةً | مِّنْ مَّالِهٖ |
| یا کہ اک دانے کی (خواہش ہے اسے) | مل سکے جو اس کو اس کے مال سے |
| اَوْ نَظْرَةً | اِلٰى اَهْلِهٖ وَوَلَدِهٖ |
| یا ہے اس کو دیکھنے کی (چاہ بڑی) | اپنے اہل اور اپنے فرزندوں کو بھی |
| وَلَا يَقْدِرُ | عَلَيْهَا |
| اور نہیں رکھتا وہ قدرت مطلقا | اپنے اس مقصود و مطلب پر ذرا |

[illegible]

وَاَنَا فِیْ عَافِیَةٍ مِّنْ ذٰلِكَ كُلِّهٖ

اور میں ہوں راحت میں ہی ساتھ امن کے | ہو کے محفوظ ان سبھی حالات سے

فَلَكَ الْحَمْدُ یَا رَبِّ

پس تری ہی حمد ہے ہر طور سے | اے مرے پروردگار اے رب مرے

مِنْ مُّقْتَدِرٍ لَا تُغْلَبُ

تو ہی وہ قادر ہے برحق واقعی | کہ نہیں مغلوب ہو سکتا کبھی

وَذِیْ اَنَاةٍ لَا تَعْجَلُ

اور ہے تو وہ صاحب عز و وقار | کہ نہیں کرتا تو جلدی زینہار

صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

رکھیو رحمت بر محمدؐ مصطفیٰ | اور یونہی آل محمدؐ پر سدا

وَاجْعَلْنِیْ لِنَعْمَائِكَ مِنَ الشَّاكِرِیْنَ

اور تو (فضل اپنے سے) داخل رکھ مجھے | شاکروں میں اپنے انعامات کے

وَلِاٰلَائِكَ مِنَ الذَّاكِرِیْنَ

نیز انہیں جو تیری نعمات کے | ذکر کرنے والے ہیں (تعریف سے)

| | |
|---|---|
| إِلٰهِي وَكَمْ | مِنْ عَبْدٍ |
| اے میرے اللہ کیسے بھی کتنے | تیرے بندوں میں ہیں بندے واقعی |
| أَمْسَىٰ وَأَصْبَحَ | فِي ظُلُمَاتِ الْبِحَارِ |
| جو کہ شام اور صبح کرتے ہیں یہی | ظلمتوں میں بحری طوفانوں کے ہی |
| وَعَوَاصِفِ | الرِّيَاحِ |
| نیز ایسی آندھیوں میں سر بسر | جنمیں چلتی ہیں ہوائیں تند تر |
| وَالْأَهْوَالِ | وَالْأَمْوَاجِ |
| اور بہت سی دہشتوں میں زیرکی | اور بلند امواج طوفانی میں بھی |
| يَتَوَقَّعُ | الْغَرَقَ وَالْهَلَاكَ |
| ہر کوئی کرتا یقیں ہے اور گماں | غرق ہونے اور ہلاکت کا ہی واں |
| لَا يَقْدِرُ | عَلَىٰ حِيلَةٍ |
| اور نہیں رکھتا ہے قدرت کوئی بھی | کچھ کسی حیلے کی اور تدبیر کی |
| أَوْ مُبْتَلًى | بِصَاعِقَةٍ |
| یا تو کوئی ہو رہا ہے مبتلا | بجلی گرنے میں ہی از حکم قضا |
| أَوْ هَدْمٍ | أَوْ غَرَقٍ |
| یا ہے گر جانے میں گھر کے دبا | یا ہے فکر غرق میں ڈوبا ہوا |

أَوْ شَرَقٍ أَوْ حَرَقٍ

یا ہے دم گھٹنے کی حالت میں کہیں | یا ہے جلنے میں بسوز آتشیں

أَوْ بَرَدٍ أَوْ خَسْفٍ

یا کہ جاڑے پالے میں ہے وہ پڑا | یا کہ ہے اندر زمیں کے دھنس رہا

أَوْ مَسْخٍ أَوْ قَذْفٍ

یا ہے مسخ شکل میں وہ (شرمگیں) | یا سزائے سنگساری میں کہیں

وَأَنَا فِي عَافِيَةٍ مِنْ ذٰلِكَ كُلِّهِ

اور میں ہوں حسن میں ہی سالم اس لیے | ہوں کے محفوظ ان سبھی حالات سے

فَلَكَ الْحَمْدُ يَا رَبِّ

پس تری ہی حمد ہے ہر طور سے | اے مرے پروردگار اے رب مرے

مِنْ مُقْتَدِرٍ لَا يُغْلَبُ

تو ہی وہ قادر ہے برحق واقعی | کہ نہیں مغلوب ہو سکتا کبھی

وَذِي أَنَاةٍ لَا يَعْجَلُ

اور ہے تو وہ صاحب عزّ و وقار | کہ نہیں کرتا تو جلدی زینہار

صَلِّ عَلَىٰ مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ

رکھیو رحمت بر محمدؐ مصطفیٰؐ | اور یونہی آل محمدؐ پر سدا

| | |
|---|---|
| وَاجْعَلْنِي | لِنَعْمَائِكَ مِنَ الشَّاكِرِينَ |
| اور تو فضل اپنے سے اے اللہ مجھے | شاکروں میں اپنے انعامات کے |
| وَلِآلَائِكَ | مِنَ الذَّاكِرِينَ ۝ |
| نیز انہیں جو تیری نعمات کے | ذکر کرنیوالے ہوں (تعریف سے) |

---

| | |
|---|---|
| اِلٰهِي وَكَمْ | مِنْ عَبْدٍ |
| اے میرے اللہ کیسے بھی کبھی | ہیں تیرے بندے بے انتہا واقعی |
| اَمْسٰى وَاَصْبَحَ | مُسَافِرًا |
| جو کہ شام اور صبح کرتے ہیں سدا | اپنے سفر ہی میں ہی رہ کر جا بجا |
| شَاخِصًا | عَنْ اَهْلِهٖ وَوَطَنِهٖ وَوَلَدِهٖ |
| وہ جدا ہوتے ہیں سب کچھ چھوڑ کے | اپنے اہل و وطن و اولاد سے |
| مُتَحَيِّرًا | فِي الْمَفَاوِزِ |
| اور وہ حیرانی سہتے ہیں سبھی | پھرتے صحراؤں میں سرگرداں ہی |
| تَائِهًا مَعَ الْوُحُوْشِ | وَالْبَهَائِمِ |
| ساتھ وہ ان کے وحشی حیوانات کے | اور بہائم کے بھی مل کر پھر رہے |

| | |
|---|---|
| وَحِيْدًا | فَرِيْدًا |
| یکہ و تنہا ہی رہکر بسر بسر | ایک اکیلے اور یگانہ طور پر |
| لَا يَعْرِفُ | حِيْلَةً |
| اور یا نہیں ہے کوئی اُن میں جانتا | حیلہ اور چارہ کوئی جو ہو بچا |
| وَلَا يَهْتَدِيْ | سَبِيْلًا |
| اور نہیں چلکر پہنچتا واں کوئی | خود کسی راہ پر بھی جو ہو راست ہی |
| اَوْ مُتَاَذِّيًا | بِبَرْدٍ اَوْ حَرٍّ |
| یا اذیت پانے والے ہیں وہ سب | سخت سردی یا کہ گرمی کے سبب |
| اَوْ جُوْعٍ اَوْ عَطَشٍ | اَوْ عُرْيٍ |
| یا بباعث بھوک کے یا پیاس کے | یا کہ عریانی و تنگیِ جسم سے |
| اَوْ غَيْرِهٖ | مِنَ الشَّدَائِدِ |
| یا سوا ان کے ہیں کوئی اور بھی | کچھ شدائد سخت انکے واقعی |
| مِمَّا | اَنَا مِنْهُ خِلْوٌ |
| جو شدائد ایسے اُن پر ہیں پڑے | اُن سے میں محفوظ ہوں ہر طور سے |
| وَاَنَا فِيْ عَافِيَةٍ | مِنْ ذٰلِكَ كُلِّهٖ |
| اور میں ہوں راحت میں ہی با امن کے | ہو کے محفوظ ان سبھی آفات سے |

فَلَكَ الْحَمْدُ يَا رَبِّ

پس تری ہی حمد ہے ہر طور سے
اے مرے پروردگار اے رب مرے

مِنْ مُقْتَدِرٍ لَا تُغْلَبُ

تو ہی وہ قادر ہے برحق واقعی
کہ نہیں مغلوب ہو سکتا کبھی

وَذِي أَنَاةٍ لَا تَعْجَلُ

اور ہے تو وہ صاحبِ عزّ و وقار
کہ نہیں کرتا تو جلدی زینہار

صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ

رکھیو رحمت بر محمدؐ مصطفیٰ
اور یونہی آلِ محمدؐ پر سدا

